تمہارے لیے اپنے ہاتھوں سے بس اتنا کر لینا کافی تھا" پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو ایک دفعہ زمین پر مارا، پھر اپنے بائیں ہاتھ سے دائیں ہاتھ، ہتھیلیوں کی پشت اور اپنے چہرے کا مسح کیا

عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں : مجھے اللہ کے رسول نے کسی کام سے بھیجا (دورانِ سفر) میں جنبی ہو گیا اور (غسل کے لیے) پانی نہ مل سکا، اس لیے میں زمین پر لوٹنے لگا، جس طرح جانور لوٹتا ہے بعد ازاں جب اللہ کے نبی کی خدمت میں حاضر ہو کر میں نے آپ کو اس واقعہ کے بارے میں بتایا، تو آپ نے فرمایا : "تمہارے لیے اپنے ہاتھوں سے بس اتنا کر لینا کافی تھا" پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو ایک دفعہ زمین پر مارا، پھر اپنے بائیں ہاتھ سے دائیں ہاتھ، ہتھیلیوں کی پشت اور اپنے چہرے کا مسح کیا

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو کسی کام سے ایک سفر میں بھیجا دوران سفر ان کو جماع یا شہوت کے ساتھ نزول منی کی وجہ سے جنابت لاحق ہو گئی اور غسل کے لیے پانی نہ مل سکا اس وقت ان کو معلوم نہیں تھا کہ جنابت کے بعد تیمم کیا جا سکتا ہے صرف اتنا جانتے تھے کہ حدث اصغر کے بعد تیمم کی اجازت ہے لہذا اجتہاد سے کام لیا سمجھا کہ جس طرح حدث اصغر سے پاکی حاصل کرنے کے لیے بعض اعضائے وضو کا مٹی سے مسح کیا جاتا ہے، اسی طرح جنابت کے تیمم لیے پورے بدن پر مٹی لگانا ضروری ہے لہذا مٹی میں لوٹ پوٹ ہو گئے اور پورے بدن میں مٹی لگائی اور اس کے بعد نماز پڑھی بعد ازاں جب اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو یہ جاننے کے لیے کہ ان کا عمل درست تھا یا نہیں، اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے سامنے اس واقعہ کا ذکر کیا لہذا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے انہیں حدث اصغر، جیسے پیشاب اور حدث اکبر، جیسے جنابت دونوں سے پاکی حاصل کرنے کا طریقہ بتا دیا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو ایک بار زمین پر مارا جائے اور اس کے بعد اپنے بائیں ہاتھ سے دائیں ہاتھ، دونوں ہتھیلیوں کی پشت اور چہرے کا مسح کیا جائے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3461